سبق-24

# موچی اور بونے



ایک موچی اور اس کی بیوی اپنی دُکان کے پیچھے ہی رہتے تھے۔ موچی بہت محنت سے مضبوط جوتے بناتا تھا۔وہ ایک دن میں صرف ایک جوڑی جوتے ہی بنا پاتا تھا۔

ایک دن کام کرتے کرتے اندھیرا ہو گیا، موچی نے جوتے بنانے کے لئے چمڑا کاٹ کر رکھ دیا پھر وہ گھر چلا گیا۔

دوسرے دن جب موچی دُکان میں آیا اس کو بڑا تعجب ہوا جوتے بنے ہوئے تیار رکھے تھے وہ حیرت میں رہ گیا رات کو تو میں نے چمڑا کاٹ کر رکھا تھا، جوتے تیار کیسے ہو گئے؟

تب ہی دُکان میں ایک آدمی آیا اور وہ چندجوتے خرید کر بہت سارے

روپے دے گیا۔ دوسرے دن موچی دوسرے جوڑی جوتوں کا چمڑا لایا اور شام کو چمڑا کاٹ کر چلا گیا۔

اگلے دن پھر جوتے تیار ملے۔ اس دن بھی اس کی دُکان میں ایک آدمی آیا اور بولا ،" یہ جوتے بڑے خوبصورت اور مضبوط ہیں"۔ وہ انہیں خرید کر لے گیا۔


اس طرح کئی دن تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ ایک دن موچی نے اپنی بیوی سے کہا روز رات کو یہ خوبصورت جوتے کون بنا کر جاتا ہے۔آج رات کو ہم یہ چھپ کر دیکھیں گے۔



وہ دونوں چھپ کر کھڑکی میں سے جھانک رہے تھے انہوں نے دیکھا کہ دو چھوٹے چھوٹے بونے آئے اور جلدی جلدی جوتے بنا کر ناچتے ناچتے چلے گئے۔

دونوں کو بڑی حیرت ہوئی، بونوں نے ان کی بہت مدد کی۔ موچی کی بیوی

بولی دیوالی آ رہی ہے میں ان کے لئے اچھے اچھے کپڑے بناؤں گی، موچی بولا میں ان کے لئے چھوٹے چھوٹے جوتے بھی بناؤں گا۔ موچی اور اس کی بیوی نے بونوں کے لئے جوتے اور کپڑے بنائے اور دُکان میں رکھ دیئے اور چھپ کر دیکھنے لگے ۔رات ہوئی بونے آئے انہیں وہاں جوتے بنانے کو چمڑا نہیں ملا۔ جوتے اور کپڑے پہن کر وہ بہت خوش ہوئے۔



بونے خوشی میں ناچ رہے تھے اور انہیں دیکھ کر موچی اور اس کی بیوی بھی خوش ہو رہے تھے۔

مشق اور سوالات :-

1۔ موچی کیا کام کرتا تھا؟

2۔ وہ جوتے کس چیز سے بناتا تھا؟

3۔ چمڑے سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟

4۔ موچی کے جوتے کون بنا جاتا تھا؟

5۔ بونے کسے کہتے ہیں؟

6۔ موچی اور اس کی بیوی نے بونوں کو تحفہ میں کیا دیا؟

7۔ کپڑے اور جوتے دیکھ کر بونوں کو کیسا لگا؟

8۔ خالی جگہ بھریئے

(الف) موچی ........................ سے جوتے بناتا تھا۔

(ب) ...................................کو بونا کہتے ہیں۔

(ج) آج پھر .............................. بن گئے۔

9۔ سمجھیئے اور لکھیئے :-

| | |
|---|---|
| جوتے بنانے والا | موچی |
| کپڑے سینے والا | ........................ |
| مٹّی کے برتن بنانے والا | ........................ |
| میز کرسی بنانے والا | ........................ |
| فصل اُگانے والا | ........................ |

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................